5

# ساجھے داری فرم کی تحلیل (خاتمہ)

5276CH05

© NCERT not to be republished

**سیکھنے کے مقاصد**

اس باب کے مطالعہ کے بعد آپ اس قابل ہوجائیں گے کہ:

- ساجھے داری فرم کے خاتمہ کا مفہوم بیان کرسکیں۔
- ساجھے داری کے خاتمہ اور ساجھے داری فرم کے خاتمہ کے درمیان فرق کرسکیں۔
- ساجھے داری فرم کے خاتمہ کے مختلف طریقوں کی تشریح کرسکیں۔
- تمام ساجھے داروں کے درمیان مطالبات کے نبٹارے سے متعلق اصولوں کی وضاحت کرسکیں۔
- وصولی کھاتہ (ریالائزیشن کھاتہ) تیار کرسکیں۔

آپ ساجھے دار کی شمولیت، سبکدوشی یا وفات کے باعث ساجھے داری فرم کی تشکیل نو کے بارے میں پڑھ چکے ہیں۔ ایسی صورت میں جب کہ موجودہ ساجھے داری کا خاتمہ ہوجاتا ہے ساجھے دار اگر فیصلہ کریں تو اسی نام کے تحت کاروبار کو جاری رکھ سکتے ہیں۔ بالفاظ دیگر ایسی صورت میں ساجھے داری کا خاتمہ ہوجاتا ہے لیکن فرم کا نہیں۔ پارٹنرشپ ایکٹ 1932 کی دفعہ 39 کے مطابق، ایک فرم کے تمام شراکت داروں کے درمیان ساجھے داری کا خاتمہ 'فرم کا خاتمہ' کہلاتا ہے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ ایکٹ کی رو سے تمام ساجھے داروں کے درمیان تعلق کے ٹوٹنے اور چند ساجھے داروں کے درمیان تعلق کے ٹوٹنے کے درمیان فرق ہے۔ اس کے مطابق تمام ساجھے داروں کے درمیان تعلق کے ٹوٹنے کو ہی شراکت داری فرم کا خاتمہ کہا جاتا ہے۔ اس سے فرم کا وجود ختم ہوجاتا ہے۔ خاتمہ کے بعد کوئی کاروبار نہیں کیا جاتا۔ سوائے فرم کو بند کرنے کی سرگرمیوں کے۔ ساجھے داروں کے مطالبات کا نبٹارا کرکے، ذمہ داریوں کو ادا کرکے اور فرم کے اثاثے کو فروخت کرکے فرم کے معاملات کو ختم کردیا جاتا ہے۔

## 5.1 ساجھے داری کا خاتمہ (Dissolution of Partnership)

ساجھے داری کے خاتمہ کے باعث ساجھے داروں کے درمیان موجودہ تعلق میں تبدیلی ہوتی ہے لیکن فرم پہلے کی طرح اپنا کاروبار جاری رکھ سکتی ہے درج ذیل صورتوں میں سے کسی بھی ایک صورت کے باعث ساجھے داری کا خاتمہ ہوسکتا ہے:

(1) ساجھے داروں کے درمیان منافع کی تقسیم کے موجودہ تناسب میں تبدیلی

(2) نئے ساجھے دار کی شمولیت

(3) ساجھے دار کی سبکدوشی

(4) ساجھے دار کی موت

(5) ساجھے دار کا دیوالیہ ہوجانا

(6) کام (Venture) کا مکمل ہوجانا جس کے لیے ساجھے داری تشکیل کی گئی ہے۔

(7) ساجھے داری کی مدت کا خاتمہ، اگر ساجھے داری ایک مذکورہ مدت کے لیے ہے۔

## 5.2 فرم کا خاتمہ (Dissolution of a firm)

ساجھے داری فرم کا خاتمہ عدالت کے حکم یا دخل اندازی کے بغیر بھی ہوسکتا ہے خاتمہ کی یہ دیگر صورتیں اس حصہ میں آگے چل کر بیان کی گئی ہیں۔ یہ بات قابل غور ہے کہ فرم کے خاتمہ کے ساتھ ساجھے داری کا خاتمہ بھی ہوجاتا ہے۔ بہرحال ساجھے داروں کے خاتمہ کا مطلب فرم کا خاتمہ نہیں ہے۔

درج ذیل صورتوں میں فرم تحلیل ہوجاتی ہے:

1۔ **خاتمہ ازروئے معاہدہ:** فرم تحلیل ہوجاتی ہے اگر:

(a) تمام ساجھے دار رضامند ہوں

(b) ساجھے داروں کے درمیان معاہدہ ہو

2۔ **لازمی خاتمہ:** فرم درج ذیل صورتوں میں لازماً تحلیل کردی جاتی ہے:

(a) جب تمام ساجھے دار یا ایک کو چھوڑ کر تمام ساجھے دار دیوالیہ ہوجائیں اور کسی معاہدہ کے اوپر دستخط کرنے کی صلاحیت کھو بیٹھیں۔

(b) جب کاروبار غیر قانونی ہوجائے۔ یا

(c) جب کوئی ایسا واقعہ رونما ہوجائے کہ ساجھے داری فرم کے کاروبار کو جاری رکھنا ساجھے داروں کے لیے غیر قانونی ہوجائے مثلاً جب ایک ساجھے دار جو کہ ایک ملک کا شہری ہے اپنے ملک اور بھارت کے خلاف اعلان جنگ کرنے کی وجہ سے ملک دشمن بن جائے۔

© NCERT not to be republished

3۔ مندرجہ ذیل اتفاقات کے رونما ہونے پر: ساجھے داروں کے درمیان اگر معاہدہ ہے تو درج ذیل صورتوں میں فرم کا خاتمہ ہوسکتا ہے:

(a) جتنی مدت کے لیے فرم کی تشکیل ہوئی تھی اس مدت کی تکمیل پر۔

(b) اس مخصوص کاروباری سرگرمیاں یا منصوبہ کی تکمیل پر جس کے لیے فرم تشکیل دی گئی تھی۔

(c) ایک ساجھے دار کی موت پر۔

(d) عدالت کے ذریعہ ایک ساجھے دار نے اپنے دیوالیہ ہونے کا اعلان کر دیا ہو۔

4۔ خاتمہ بذریعہ نوٹس: شراکت بالرضا (Partnership at will) کی صورت میں اگر کوئی ساجھے دار دوسرے ساجھے داروں کو فرم کے خاتمہ کے ارادے کا تحریری نوٹس دے دے تو فرم ختم ہوسکتی ہے۔

5۔ خاتمہ بحکم عدالت: مندرجہ ذیل صورتوں میں اگر کوئی ساجھے دار مقدمہ دائر کر دے تو عدالت ساجھے داری فرم کے خاتمہ کا حکم صادر کر سکتی ہے:

(a) جب کوئی ساجھے دار دیوانہ ہو جائے۔

(b) جب کوئی ساجھے دار ساجھے دار کی حیثیت سے اپنے فرائض کی انجام دہی کے سلسلہ میں مستقل طور پر نا اہل ہو جائے۔

(c) جب ساجھے دار کا رویہ فرم کے کاروبار پر مخالفت اثرات مرتب کرے۔

(d) جب کوئی ساجھے دار مستقل طور پر ساجھے داری معاہدے کی خلاف ورزی کرتا رہے۔

(e) جب ساجھے دار فرم میں اپنے تمام مفادات کو کسی تیسرے فریق کو منتقل کر دے۔

(f) جب فرم کے کاروبار کو جاری رکھنے میں نقصان ہی ہو۔

(g) جب عدالت فرم کو ختم کرنے کو جائز اور منصفانہ سمجھتی ہو۔

## ساجھے داری کے خاتمہ اور فرم کے خاتمہ کے درمیان فرق

| بنیاد | ساجھے داری کا خاتمہ | فرم کی تحلیل |
|---|---|---|
| 1۔ کاروبار کا خاتمہ | کاروبار کو ختم نہیں کیا جاتا | فرم کے کاروبار کو بند کر دیا جاتا ہے |

© NCERT not to be republished

| | | |
|---|---|---|
| 2۔اثاثہ جات اور ذمہ داریوں کا نبٹارا | اثاثوں اور ذمہ داریوں کا از سرنو اندازۂ قدر کیا جاتا ہے اور نئی بیلنس شیٹ بنائی جاتی ہے۔ | اثاثہ جات کو فروخت کر دیا جاتا ہے اور ذمہ داریوں کی ادائیگی کردی جاتی ہے۔ |
| 3۔عدالت کی دخل اندازی | عدالت دخل اندازی نہیں کرتی کیونکہ ساجھے داری باہمی معاہدے کے ذریعے ختم کی جاتی ہے | بحکم عدالت فرم کا خاتمہ ہوسکتا ہے |
| 4۔معاشی تعلق | تبدیل شدہ شکل میں ساجھے داروں کے درمیان معاشی تعلق جاری رہتا ہے | ساجھے داروں کے درمیان معاشی تعلق کا خاتمہ ہوجاتا ہے |
| 5۔کتابیں بند کرنا | ضرورت نہیں ہوتی کیونکہ کاروبار کا خاتمہ نہیں ہوتا | کھاتے کی کتابیں بند کی جاتی ہیں |

### اپنی فہم کی جانچ کیجیے---I

حسب ذیل بیانات میں سے کون سے بیانات درست ہیں اور کون سے غلط ہیں وجوہات بھی لکھیے:

(1) ساجھے داری کا خاتمہ فرم کے خاتمہ سے مختلف ہوتا ہے۔

(2) ساجھے دار کی موت پر ساجھے داری کا خاتمہ ہوجاتا ہے۔

(3) جب تمام ساجھے دار فرم کے خاتمہ پر رضامند ہوتے ہیں تب اس کا خاتمہ ہوجاتا ہے۔

(4) جب ایک ساجھے دار سبک دوش ہونے کا فیصلہ کرتا ہے تب فرم کا لازماً خاتمہ ہوجاتا ہے۔

(5) فرم کے خاتمہ کی صورت میں ساجھے داری کا بھی خاتمہ ہوجاتا ہے۔

(6) جب تمام ساجھے داریا ایک کو چھوڑ کر تمام ساجھے دار دیوالیہ ہوجائیں تو فرم کا لازماً خاتمہ ہوجاتا ہے۔

(7) کسی ساجھے دار کے دیوانہ ہونے پر عدالت فرم کے خاتمہ کا حکم صادر کرسکتی ہے۔

(8) عدالت کی دخل اندازی کے بغیر فرم کا خاتمہ نہیں ہوسکتا۔

## 5.3 حسابات کا تصفیہ (Settlement of Accounts)

فرم کے خاتمہ کی صورت میں فرم کا کاروبار بند ہوجاتا ہے اور حساب کتاب کا تصفیہ کرنا پڑتا ہے۔اس مقصد کے لیے فرم پر جس قدر مطالبات اور دعوے ہیں ان کی تکمیل کے لیے تمام اثاثے فروخت کرنے پڑتے ہیں۔اس سلسلہ میں ساجھے داری ایکٹ 1932 کی دفعہ 48 کی شرائط کے بموجب ساجھے داروں کے درمیان حساب کتاب کے تصفیہ کے طریقوں میں درج ذیل اصولوں پر عمل کیا جاتا ہے:

بموجب ساجھے داروں کے درمیان حساب کتاب کے تصفیہ کے طریقوں میں درج ذیل اصولوں پر عمل کیا جاتا ہے:

(a) نقصانات کا تصفیہ

نقصانات کو بشمول سرمائے میں خسارے کے، ادا کیا جائے گا:

(i) اول منافع میں سے

(ii) پھر سرمائے میں سے

(iii) اور آخر میں اگر ضرورت پڑی تو منافع کی جس تقسیم کے تناسب کے ساجھے دار حقدار تھے اس تناسب سے فرداً فرداً تمام ساجھے داروں کے ذریعے۔

(b) اثاثوں کا استعمال

فرم کے اثاثوں، اور سرمائے کے خساروں کو پورا کرنے کے لیے ساجھے داروں کے ذریعہ لگائی گئی رقم کا استعمال حسب ترتیب اور طریقے سے کیا جائے گا۔

(i) تیسرے فریق کو فرم کے قرضہ جات کی ادائیگی کے سلسلہ میں

(ii) ہر ساجھے دار کو اس کے سرمائے کے علاوہ فرم پر واجب زر پیشگی کی ادائیگی کے سلسلہ میں یہ پیشگی ادائیگی ساجھے دار کے حصے کے تناسب سے ہی ہوتی ہے۔

(iii) ہر ساجھے دار کو اس کے سرمائے کی بابت واجب رقم کی اس کے تناسب سے ادائیگی کے سلسلہ میں

(iv) بقیہ کی تمام ساجھے داروں میں اس تناسب کے مطابق تقسیم جس تناسب پر وہ منافع کے حق دار تھے۔

اس طرح، ساجھے داروں سے نیز اثاثہ جات سے وصول ہوئی رقم کا استعمال ضرورت پڑنے پر سب سے پہلے فرم کی بیرونی ذمہ داریوں جیسے قرض دار، قرضہ جات، بینک اوورڈرافٹ، واجب الادا بل وغیرہ کی ادائیگی کے لیے کیا جاتا ہے۔ (یہاں یہ بات قابل غور ہے کہ غیر محفوظ قرضہ جات کی نسبت محفوظ (Secured) قرضہ جات کو ترجیح دی جاتی ہے)۔ بقیہ کا استعمال فرم کے ساجھے داروں کے ذریعے دیے گیے قرضہ جات اور پیشگی رقوم کی ادائیگی میں کیا جاتا ہے۔ (اگر بقیہ رقم ایسے قرضہ جات اور پیشگیوں کو ادا کرنے کے لیے ناکافی ہوتی ہے تب ان کی ادائیگی تناسبی طور پر کی جاتی ہے)۔ اور باقی بچی ہوئی رقم کا استعمال تمام نفع نقصانات کے تسویہ کے بعد سرمایہ کھاتوں کے بیلنس (Balance) کے تصفیہ میں کیا جاتا ہے۔

نجی قرضہ جات اور فرم کے قرضہ جات: جہاں فرم کے قرضجات اور ساجھے داروں کے نجی قرضجات ایک ساتھ موجود ہوں وہاں پارٹنرشپ ایکٹ کی دفعہ 49 کے حسب ذیل اصول لاگو ہوں گے۔

(a) فرم کی جائیداد کا استعمال سب سے پہلے فرم کے قرضوں کی ادائیگی میں کیا جائے گا اور اس کے بعد اگر سرپلس رقم بچتی ہے تو ساجھے داروں کے درمیان ان کے مطالبات کی ادائیگی کے لحاظ سے تقسیم کیا جائے گا۔ جو کہ ان کی نجی ذمہ داریوں کی ادائیگی کے لیے استعمال ہوسکتی ہے۔

(b) کسی ساجھے دار کی نجی جائیداد کا استعمال سب سے پہلے اسکے نجی قرضوں کی ادائیگی میں کیا جائے گا اور اگر کوئی سرپلس رقم بچتی ہے تو اس کا استعمال فرم کے قرضوں کی ادائیگی کے لیے کیا جا سکتا ہے یہ اس صورت میں ہوگا جب کہ فرم کی ذمہ داریاں اس کے اثاثوں سے زیادہ ہوں۔

یہاں یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ ساجھے دار کی جائیداد میں اس کی بیوی اور بچوں کی ذاتی جائیداد شامل نہیں ہوتی۔ اس طرح اگر فرم کے اثاثے فرم کی ذمہ داریوں کی ادائیگی کے لیے ناکافی ہوں تو ایسی صورت میں ساجھے داروں کو اپنے خالص نجی اثاثے نفی نجی ذمہ داریوں میں سے رقم لگانی پڑے گی۔

**اگر ساجھے دار خسارے کو پورا کرنے کے لیے رقم لانے سے قاصر ہو**

ساجھے داروں کے درمیان کھاتوں کے نبٹارے کے حوالے سے ایک اور پہلو بھی قابل ذکر ہے۔ وہ یہ کہ ساجھے دار اپنے سرمایہ کھاتے کے خسارے (کھاتہ آخر میں ڈیبٹ بیلنس دکھا رہا ہو) کے لیے رقم لانے سے قاصر ہو۔ ایسی صورت میں اسے دیوالیہ کہا جاتا ہے اور نا قابل وصول رقم کو فرم کا سرمایہ جاتی نقصان (Capital Loss) مانا جاتا ہے۔ کسی معاہدے کی غیر موجودگی میں ایسا سرمایہ جاتی نقصان باقی ماندہ ساجھے داروں کو گارنر بنام مورے کیس (Garner Vs Murray Case) میں طے شدہ اصول کے مطابق برداشت کرنا ہوتا ہے۔ اس اصول کے تحت فرم کے خاتمہ کی تاریخ پر ایسا نقصان صاحب مقدرت (Solvent) ساجھے داروں کو اپنے سرمایوں کے تناسب میں برداشت کرنا پڑتا ہے۔ بہر حال، ساجھے داروں کے دیوالیہ ہونے کے باعث ساجھے داری کے خاتمہ سے متعلق کھاتہ داری عمل درآمد کو اس مرحلہ پر ذکر نہیں کیا جا رہا۔

## 5.4 کھاتہ داری کی تدبیر (Accounting Treatment)

جب فرم کا خاتمہ ہو جاتا ہے تو اس کے بہی کھاتوں کو بند کر دیا جاتا ہے اور اثاثوں کی وصولی اور ذمہ داریوں کی ادائیگی سے ہونے والے نفع نقصان کو شمار کیا جاتا ہے۔ اس مقصد کے لیے، ذمہ داریوں کی ادائیگی اور اثاثوں کی وصولی کا خالص اثر (نفع یا نقصان) معلوم

© NCERT not to be republished

کرنے کے لیے وصولی کھاتہ (Realisation account) تیار کیا جاتا ہے جسے ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتے میں ان کے تناسب تقسیم منافع کے مطابق منتقل کیا جا سکتا ہے۔ لہٰذا تمام اثاثوں (نقد در دست، بینک بیلنس اور دیگر غیر حقیقی اثاثوں کو چھوڑ کر) اور تمام بیرونی ذمہ داریوں کو اس کھاتے پر منتقل کیا جاتا ہے۔ اس میں اثاثوں کی فروخت، ذمہ داریوں کی ادائیگی اور وصولی اخراجات کو بھی درج کیا جاتا ہے۔ اس کھاتہ میں بیلنس کو وصول ہونے پر نفع یا نقصان کہا جاتا ہے جسے ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتوں میں ان کے تناسب تقسیم منافع میں منتقل کیا جاتا ہے (شکل 5.1 دیکھیے)

**وصولی کھاتہ (Realisation A/c)**

نام (Dr.) جمع (Cr.)

| تفصیلات | رقم (روپیے) | تفصیلات | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|
| غیر مرئی اثاثے | ××× | بینک قرض رہن | ××× |
| زمین اور عمارت | ××× | متفرق قرض خواہ | ××× |
| پلانٹ اور مشینری | ××× | واجب الادا بل | ××× |
| فرنیچر اور فٹنگ | ××× | بینک اوورڈرافٹ | ××× |
| دیگر ساجھے داروں کو قرض | ××× | بقایا اخراجات | ××× |
| قابل وصول بل | ××× | مشکوک قرضہ جات کے لیے محفوظ | ××× |
| متفرق قرض دار | ××× | کیش/بینک (اثاثوں کی فروخت) | ××× |
| کیش / بینک | | ساجھے دار کا سرمایہ کھاتہ | ××× |
| (ذمہ داریوں کی ادائیگی) | ××× | (ساجھے دار کے ذریعے لیے گئے اثاثے) | |
| کیش/ بینک | | نقصان (ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتہ کو منتقل کیا گیا) | ××× |
| (غیر اندراج شدہ ادائیگی) | ××× | نقصان (سرمایہ کاری اتار چڑھاؤ فنڈ) | ××× |
| ساجھے دار کا سرمایہ کھاتہ | ××× | | |
| سرمایہ کاری | ××× | | |
| (ساجھے دار کے ذریعے مان لی گئی ذمہ داری) | | | |
| منافع (ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتوں کو منتقل کیا گیا ان کے منافع کی تقسیم تناسب میں) | ××× | | |
| **کل** | **×××××** | | **×××××** |

**شکل 5.1**: وصولی کھاتہ کا خاکہ

## اپنی فہم کی جانچ کیجیے---II

درست جواب پر (✓) نشان لگائیے۔

1۔ فرم کے خاتمہ پر، بینک اوورڈرافٹ کو منتقل کردیا جاتا ہے۔
(a) نقد کھاتے میں
(b) بینک کھاتے میں
(c) وصولی کھاتے میں
(d) ساجھےدار کے سرمایہ کھاتہ میں

2۔ فرم کے خاتمہ پر ساجھےدار کے قرض کھاتے کو منتقل کردیا جاتا ہے۔
(a) وصولی کھاتہ میں
(b) ساجھےدار کے سرمایہ کھاتے میں
(c) ساجھےدار کے چالو کھاتے میں
(d) مندرجہ بالا میں سے کوئی نہیں

3۔ ادائیگی سے متعلق معلومات کی غیر موجودگی میں، واجب الادا بلوں اور قرض خواہ جیسی ذمہ داریوں کو وصولی کھاتے پر منتقل کرنے کے بعد، ایسی ذمہ داریوں کو مانا جاتا ہے:
(a) بالکل ادا نہیں کی گئیں
(b) مکمل ادا کی گئیں
(c) جزوی طور پر ادا کی گئیں
(d) مندرجہ بالا میں سے کوئی نہیں

4۔ جب ساجھےدار کی طرف سے فرم کے ذریعہ وصولی اخراجات ادا کیے جاتے ہیں تب ایسے اخراجات کو ڈیبٹ کیا جاتا ہے:
(a) وصولی کھاتے سے
(b) ساجھےدار کے سرمایہ کھاتے سے
(c) ساجھےدار کے قرض کھاتہ سے
(d) مندرجہ بالا میں سے کوئی نہیں

© NCERT not to be republished

5۔ جب کسی ساجھے دار کے ذریعہ غیر مندرج اثاثے لیے جاتے ہیں تب انھیں دکھایا جاتا ہے۔

(a) وصولی کھاتے کے ڈیبٹ میں

(b) بینک کھاتے کے ڈیبٹ میں

(c) وصولی کھاتہ کی کریڈٹ میں

(d) بینک کھاتہ کی کریڈٹ میں

6۔ غیر مندرج ذمہ داریوں کی جب ادائیگی کی جاتی ہے تب انھیں دکھایا جاتا ہے۔

(a) وصولی کھاتہ کے ڈیبٹ میں

(b) بینک کھاتہ کے ڈیبٹ میں

(c) وصولی کھاتہ کی کریڈٹ میں

(d) بینک کھاتہ کی کریڈٹ میں

7۔ جمع شدہ منافعے اور ریزرو منتقل کیے جاتے ہیں۔

(a) وصولی کھاتے میں

(b) ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتوں میں

(c) بینک کھاتے میں

(d) مندرجہ بالا میں سے کوئی نہیں

8۔ فرم کے خاتمہ پر ساجھے دار کے سرمایہ کھاتوں کو بند کیا جاتا ہے۔

(a) وصولی کھاتے کے ذریعہ

(b) نکالی گئی رقم (ڈرائنگس) کھاتے کے ذریعہ

(c) بینک کھاتے کے ذریعہ

(d) قرض کھاتے کے ذریعہ

© NCERT not to be republished

## مثال 1

سپریا اور مونیکا 3:2 کے تناسب سے نفع نقصان میں حصہ دار ہیں۔ 31 مارچ 2020 کو ان کی بیلنس شیٹ مندرجہ ذیل ہے۔

### 31 مارچ 2017 کو سپریا اور مونیکا کی بیلنس شیٹ

| ذمہ داریاں | رقم (روپیے) | اثاثہ جات | | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| سپریا کا سرمایہ | 32,500 | کیش بینک میں | | 40,500 |
| مونیکا کا سرمایہ | 11,500 | اسٹاک | | 7,500 |
| متفرق قرض خواہ | 48,000 | متفرق قرض دار | 21,500 | |
| جنرل ریزرو | 13,500 | نفی: مشکوک قرضہ جات کے لیے محفوظ | 500 | 21,000 |
| | | قائم اثاثے | | 36,500 |
| | **1,05,500** | | | **1,05,500** |

31 مارچ 2020 کو فرم کا خاتمہ ہو گیا۔ فرم کی کتابوں کو حسب ذیل معلومات پر عمل کرتے ہوئے بند کیجیے:

(i) قرض داروں سے 5% کی کٹوتی پر وصولیابی ہوئی۔

(ii) اسٹاک سے 7,000 روپیے وصول ہوئے۔

(iii) قائم اثاثہ جات (Fixed Assets) سے 42,000 روپیے وصول ہوئے۔

(iv) وصولی پر 1,500 روپیے اخراجات ہوئے۔

(v) قرض خواہوں (لین داروں) کو مکمل ادائیگی کر دی گئی۔ فرم کے خاتمہ کے وقت ضروری اندراجات ریکارڈ کیجیے۔

## حل

### سپریا اور مونیکا کی کتابیں

### وصولیابی کھاتہ (Realisation A/c)

| 2017 تاریخ | تفصیلات | L.F. | ڈیبٹ رقم (روپیے) | کریڈٹ رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| 31 مارچ | وصولیابی کھاتہ Dr. | | 65,500 | |
| | اسٹاک کھاتہ سے | | | 7,500 |
| | متفرق دین دار (مقروض) کھاتہ سے | | | 21,500 |
| | قائم اثاثے کھاتہ سے | | | 36,500 |
| | (اثاثے وصولیابی کھاتہ کو منتقل) | | | |
| 31 مارچ 2017 | متفرق لین دار کھاتہ Dr. | | 48,000 | |
| | مشکوک ڈیبٹ کھاتہ کے لیے بندوبست Dr. | | 500 | |
| | وصولیابی کھاتہ سے | | | 48,500 |
| | (واجبات وصولیابی کھاتہ میں منتقل) | | | |
| 31 مارچ 2017 | بینک کھاتہ Dr. | | 69,425 | |
| | وصولیابی کھاتہ سے | | | 69,425 |
| | (اثاثے وصول) | | | |
| 31 مارچ 2017 | وصولیابی کھاتہ Dr. | | 49,500 | |
| | بینک کھاتہ سے | | | 49,500 |
| | (مہاجنوں (Creditors) اور وصولیابی کے خرچوں کی ادائیگی) | | | |

© NCERT not to be republished

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 31مارچ 2017 | وصولیابی کھاتہ Dr.<br>سپریا کے سرمایہ کھاتہ سے<br>مونیکا کے سرمایہ کھاتہ سے<br>(وصولیابی نفع شراکت داروں کے سرمایہ کھاتے میں منتقل) | | 2,925 | <br>1,755<br>1,170 |
| 31مارچ 2017 | جنرل ریزرو کھاتہ Dr.<br>سپریا کے سرمایہ کھاتے سے<br>مونیکا کے سرمایہ کھاتے سے<br>(شراکت داروں کے سرمایہ کھاتوں میں منتقل وصولیابی نفع) | | 13,500 | <br>8,100<br>5,400 |
| 31مارچ 2017 | سپریا کا سرمایہ کھاتہ Dr.<br>مونیکا کا سرمایہ کھاتہ<br>بینک کھاتے سے<br>(شراکت داروں کے لیے واجب الادا فائنل کھاتے) | | 42,355<br>18,070 | <br><br>60,425 |

© NCERT not to be republished

ورکنگ نوٹس:

## سُپریا اور مونیکا کی کتابیں

### وصولیابی کھاتہ

نام (Dr.) جمع (Cr.)

| تفصیلات | | رقم (روپیے) | تفصیلات | | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|
| اثاثے منتقل: | | | مشکوک قرضوں کے لیے بندوبست | | 500 |
| اسٹاک | | 7,500 | متفرق لین دار | | 48,000 |
| متفرق دین دار (مقروض) | | 21,500 | بینک | | |
| قائم اثاثے | | 36,500 | دین دار (مقروض) | 20,425 | |
| بینک | | | اسٹاک | 7,000 | |
| متفرق لین دار | | 48,000 | قائم اثاثے | 42,000 | 69,425 |
| وصولیابی خرچے | | 1,500 | | | |
| منافع کو منتقل کیا گیا: | | | | | |
| سُپریا کے سرمایہ میں | 1,755 | | | | |
| مونیکا کے سرمایہ میں | 1,170 | 2,925 | | | |
| | | **1,17,925** | | | **1,17,925** |

### ساجھے داروں کے کھاتے

نام (Dr.) جمع (Cr.)

| تاریخ | تفصیلات | لیجر صفحہ | سپریا (روپیے) | مونیکا (روپیے) | تاریخ | تفصیلات | لیجر صفحہ | سپریا (روپیے) | مونیکا (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | بینک | | 42,335 | 18,070 | | بیلنس b/d | | 32,500 | 11,500 |
| | | | | | | ریزروفنڈ | | 8,100 | 5,400 |
| | | | | | | وصولی (نفع) | | 1,755 | 1,170 |
| | | | **42,355** | **18,070** | | | | **42,355** | **18,070** |

## 5.4.1 روزنامچہ اندراجات

### 1۔ اثاثوں کو منتقل کرنے کے لیے

نقد، بینک اور قرض اثاثوں کو چھوڑ کر تمام اثاثوں کے کھاتے اپنی کتابی قدر پر وصولی کھاتے کے ڈیبٹ میں منتقل کر کے بند کر دیے جاتے ہیں۔ یہاں یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ قرض داروں (Debtors) کو ان کی کل قدر پر منتقل کیا جاتا ہے اور محفوظ برائے مشکوک قرضہ جات (Provision for Doubtful Debts) کو ذمہ داریوں کے ہمراہ وصولی کھاتے کی جمع (کریڈٹ) میں منتقل کرتے ہیں۔ اگر محفوظ برائے فرسودگی کھاتہ بھی دکھایا گیا ہے تب ایسا ہی عمل قائم اثاثوں کے ساتھ بھی کیا جائے گا۔

وصولی کھاتہ Dr.

اثاثہ کھاتہ کے لیے

### 2۔ ذمہ داریوں کو منتقل کرنے کے لیے

تمام خارجی ذمہ داری کھاتوں بشمول محفوظات کو وصولی کھاتہ کی جمع (کریڈٹ) میں منتقل کر کے بند کیا جاتا ہے۔

ذمہ داری کھاتہ (انفرادی) Dr.

وصولی کھاتہ کے لیے

### 3۔ اثاثہ جات کی فروخت کے لیے

بینک کھاتہ Dr. [ اسی قدر کے ساتھ

وصولی کھاتہ کے لیے

### 4۔ ساجھے دار کے ذریعہ لیے گئے اثاثہ پر

ساجھے داروں کا سرمایہ کھاتہ Dr. [ اسی رقم پر جس پر اثاثہ کو لیا گیا ہے۔

وصولی کھاتہ کے لیے

### 5۔ ذمہ داریوں کی ادائیگی پر

وصولی کھاتہ Dr. [ اس رقم کے ساتھ جس پر فیصلہ کیا گیا ہے۔

بینک کھاتہ کے لیے

© NCERT not to be republished

6۔ جب ساجھے دار فرم کی طرف سے ذمہ داری کی ادائیگی کرنے پر رضامند ہوتو اندراج یہ ہوتا ہے

وصولی کھاتہ Dr.

ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتہ کے لیے

7۔ اثاثہ کی منتقلی سے لین دار کا نبٹارا

جب ایک لین دار (قرض خواہ) اپنے کھاتہ کے مکمل نبٹارے کے طور پر کوئی اثاثہ قبول کر لیتا ہے تو روزنامچہ اندراج درج کرنے کی ضرورت ہوتی ہے لیکن اگر ایک لین دار اپنے واجبات کی جزوی ادائیگی کی صورت میں کوئی اثاثہ قبول کرتا ہے تب صرف نقد ادائیگی کا اندراج کیا جائے گا مثلاً ایک قرض خواہ کے 10,000 روپیے واجب تھے وہ 8,000 روپیے کی مالیت کے بقدر دفتر کا سازوسامان قبول کر لیتا ہے اور 2,000 روپیے اسے نقد ادا کیے جاتے ہیں۔ صرف 2,000 روپیے کی نقد ادائیگی کے لیے حسب ذیل روزنامچہ اندراج ہوگا۔

وصولی کھاتہ Dr.

بینک کھاتہ کے لیے

اگر کوئی لین دار (قرض خواہ) ایسا اثاثہ قبول کرلے جس کی قیمت واجب الادا رقم سے زیادہ ہوتو وہ اس زیادہ رقم کی نقد ادائیگی کرے گا اور اس کا اندراج اس طرح ہوگا۔

بینک کھاتہ Dr.

وصولی کھاتہ کے لیے

8۔ وصولی اخراجات کی ادائیگی کے لیے

(a) جب ذمہ داریوں کی ادائیگی اور اثاثوں کی وصولی کے عمل میں فرم چند اخراجات اٹھاتی اور ادا کرتی ہے :

وصولی کھاتہ Dr.

بینک کھاتہ کے لیے

(b) جب فرم کی طرف سے وصولی اخراجات کی ادائیگی ساجھے دار کے ذریعہ کی جاتی ہے۔

وصولی کھاتہ Dr.

ساجھے دار کے سرمایہ کھاتہ کے لیے

(c) جب ساجھے دار ایک طے شدہ معاوضہ پر فرم کے خاتمہ کے کام کو انجام دینے پر رضامند ہوتا ہے اور وصولی اخراجات برداشت کرتا ہے:

(i) اگر وصولی اخراجات کی ادائیگی فرم کے ذریعہ کی جاتی ہے

ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتہ Dr.
بینک کھاتہ کے لیے

(ii) اگر ساجھے دار خود ہی وصولی اخراجات کی ادائیگی کرتا ہے، تب کوئی اندراج نہیں کیا جاتا

نوٹ: اس بارے میں خرچوں کی ادائیگی کون کرے گا، اطلاع نہ ہونے کی صورت میں یہ امر مضمر ہوتا ہے کہ خرچے وہ ساجھے دار ادا کرے گا جو متفق ہوگا۔

9۔ ایسے ساجھے دار کو طے شدہ معاوضہ کے لیے جو خاتمہ کے فیصد پر راضی ہو

وصولی کھاتہ Dr.
ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتہ کے لیے

10۔ کسی بھی غیر مندرج اثاثہ بشمول ساکھ کی وصولی پر

بینک کھاتہ Dr.
وصولی کھاتہ کے لیے

11۔ کسی بھی غیر مندرج ذمہ داری کے نبٹارے کے لیے

وصولی کھاتہ Dr.
بینک کھاتہ کے لیے

12۔ وصولی پر ہوئے نفع اور نقصان کو منتقل کرنے کے لیے

(a) وصولی پر اگر نفع ہوا (Cr بیلنس)

وصولی کھاتہ Dr.
ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتہ کے لیے (فرداً فرداً)

(b) وصولی پر اگر نقصان ہوا (.Dr بیلنس)

ساجھے داروں کا سرمایہ کھاتہ Dr.
وصولی کھاتہ کے لیے

13۔ کسی فرم کے ذریعہ پارٹنر کے ساتھ قرض کے تصفیہ کے لیے

بینک کھاتہ Dr.
ساجھے دار کے لیے قرض کھاتہ سے

14۔ ریزرو فنڈ یا عمومی ریزرو کی شکل میں جمع شدہ(Accumulated) منافعوں کی منتقل کے لیے:

جنرل رزرو کھاتہ Dr.

ساجھے داروں کا سرمایہ کھاتہ کے لیے (انفرادی طور پر)

15۔ غیر حقیقی اثاثہ جات کو ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتوں میں ان کے تناسب تقسیم منافع میں منتقل کرنے کے لیے:

ساجھے داروں کا سرمایہ کھاتہ (انفرادی طور پر) Dr.

غیر حقیقی اثاثہ کھاتہ کے لیے

**16۔ ساجھے داروں کو واجب الادا قرض کی دائیگی کے لیے:**

ساجھے داروں کا سرمایہ کھاتہ Dr.

بینک کھاتہ کے لیے

**17۔ ساجھے داروں کے کھاتوں کے نبٹارے کے لیے:**

اگر ساجھے دار کا سرمایہ کھاتہ ڈیبٹ بیلنس ظاہر کرتا ہے تو وہ ضروری نقد لائے گا اور روزنامچہ اندراج حسب ذیل ہوگا۔

بینک کھاتہ Dr.

ساجھے داروں کا سرمایہ کھاتہ کے لیے

جس ساجھے دار کا سرمایہ کھاتہ کریڈٹ بیلنس ظاہر کرتا ہے اسے ادائیگی کی جاتی ہے روزنامچہ اندراج حسب ذیل ہوتا ہے۔

ساجھے داروں کا سرمایہ کھاتہ (انفرادی طور پر) Dr.

بینک کھاتہ کے لیے

اہم بات یہ ہے کہ آخر میں ساجھے داروں کو واجب الادا کل رقم نقد اور بینک کھاتوں میں دستیاب رقم کے برابر ہونی چاہیے۔اس طرح فرم کے تحلیل ہونے کی صورت میں فرم کے تمام کھاتے بند ہو جاتے ہیں۔

© NCERT not to be republished

## مثال2

سیتا، ریتا اور میتا 2:2:1 کے تناسب سے نفع نقصان میں حصہ دار ہیں۔ 31 مارچ 2017 کو ان کی بیلنس شیٹ حسب ذیل ہے۔

### 31 مارچ 2017 کو سیتا، ریتا اور میتا کی بیلنس شیٹ

| ذمہ داریاں | | رقم (روپیے) | اثاثہ جات | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| جنرل ریزرو | | 2,500 | کیش بینک میں | 2,500 |
| کریڈیٹر | | 2,000 | اسٹاک | 2,500 |
| سرمایہ: | | | فرنیچر | 1,000 |
| سیتا | 5,000 | | قرض دار | 2,000 |
| ریتا | 2,000 | | پلانٹ اور مشینری | 4,500 |
| میتا | 1,000 | 8,000 | | |
| | | **12,500** | | **12,500** |

انھوں نے فرم کو تحلیل کرنے کا فیصلہ کیا۔ مندرجہ ذیل رقوم کی وصولیابی ہوئی۔ پلانٹ و مشینری 4,250؛ اسٹاک 3,500؛ اور قرض دار 1,850 روپیے، فرنیچر 750 روپیے۔

سیتا نے تمام وصولی اخراجات برداشت کرنے پر رضامندی ظاہر کی۔ اس خدمت کے لیے سیتا کو 60 روپیے ادا کیے گئے۔ وصولی پر حقیقی اخراجات 450 روپیے کے ہوئے۔ لین داروں کو 2% کم ادائیگی کی گئی۔ غیر مندرج اثاثہ 250 روپیے کا تھا جو کہ ریتا نے 200 روپیے میں لے لیا۔

فرم کی کتابوں کو بند کرنے کے لیے ضروری کھاتے تیار کیجیے۔

## حل:

### سیتا، ریتا اور میتا کی کتابیں

### وصولی کھاتہ

نام (Dr.) جمع (Cr.)

| تفصیلات | رقم (روپیے) | تفصیلات | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|
| اسٹاک | 2,500 | قرض خواہ | 2,000 |
| فرنیچر | 1,000 | ریتا کا سرمایہ | 200 |

| تفصیلات | رقم (روپیے) | رقم (روپیے) | تفصیلات | رقم (روپیے) | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|
| قرض دار | | 2,000 | [غیر مندرج اثاثے] | | 200 |
| پلانٹ اور مشنری | | 4,500 | بینک [وصول شدہ اثاثے] | | |
| بینک (قرض خواہ) | | 1,960 | پلانٹ اور مشینری | 4,250 | |
| سیتا کا سرمایہ (ریلائزیشن اخراجات) | | 60 | قرض دار | 1,850 | |
| منافع منتقل کیا گیا: | | | اسٹاک | 3,500 | |
| | | | فرنیچر | 750 | |
| سیتا کا سرمایہ | 212 | | | | 10,350 |
| ریتا کا سرمایہ | 212 | | | | |
| میتا کا سرمایہ | 106 | 530 | | | |
| | | **12,550** | | | **12,550** |

## ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتے

نام (Dr.) جمع (Cr.)

| تاریخ | تفصیلات | لیجر | سیتا (روپیے) | ریتا (روپیے) | میتا (روپیے) | تاریخ | تفصیلات | لیجر | سیتا (روپیے) | ریتا (روپیے) | میتا (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 31 مارچ | بینک | | 450 | | | 31 مارچ | بیلنس b/d | | 5,000 | 2,000 | 1,000 |
| | ریلائزیشن (اثاثے) | | | 200 | | | ریزروفنڈ | | 1,000 | 1,000 | 500 |
| | بینک | | 5,822 | 3,012 | 1,606 | | ریلائزیشن (نفع) | | 212 | 212 | 106 |
| | | | | | | | ریلائزیشن (اخراجات) | | 60 | — | — |
| | | | **6,272** | **3,212** | **1,606** | | | | **6,272** | **3,212** | **1,606** |

## بینک کھاتہ

نام (Dr.) جمع (Cr.)

| تاریخ | تفصیلات | لیجر | رقم (روپیے) | تاریخ | تفصیلات | لیجر | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | بیلنس b/d | | 2,500 | | ریلائزیشن (قرض خواہ) | | 1,960 |
| | | | | | سیتا کا سرمایہ (اخراجات) | | 450 |
| | | | | | سیتا کا سرمایہ | | 5,822 |

© NCERT not to be republished

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 3,012 | | ریتا کا سرمایہ | 10,350 | ریلائزیشن (وصول شدہ اخراجات) | |
| 1,606 | | میتا کا سرمایہ | | | |
| **12,850** | | | **12,850** | | |

## مثال 3

ویبھا، شوبھا اور انو بھا کی شراکت داری فرم کے تحلیل ہونے پر مندرجہ ذیل صورتوں میں جرنل اندراجات تیار کیجیے:

(a) تحلیلی اخراجات 6,500 روپے۔

(b) تحلیلی اخراجات 7,800 روپے انو بھا کے ذریعے ادا کیے گئے۔

(c) ویبھا کو تحلیل کے عمل کی دیکھ بھال کے لیے مقرر کیا گیا اور اس کے لیے اس کو 12,000 روپے دیے گئے۔

(d) شوبھا کو تحلیل کے کام کی دیکھ بھال کے لیے مقرر کیا گیا اور اس کے لیے 5,000 روپے منظور کیے گئے وہ تحلیل کے اخراجات برداشت کرنے پر رضامند ہوگئی۔ تحلیل کے حقیقی اخراجات اس نے ادا کیے 11,800 روپے۔

(e) انو بھا کو تحلیل کے عمل کی دیکھ بھال کے لیے 12,000 روپے کی رقم منظور کی گئی۔ وہ بھی تحلیل کے اخراجات برداشت کرنے پر رضامند ہے۔ فرم نے تحلیل کے 9,500 روپے حقیقی اخراجات کے طور پر ادا کیے۔

(f) تحلیل کے عمل کی دیکھ بھال کے لیے انو بھا کو 8,500 روپے منظور کیے گئے۔ وہ 6,000 روپے تحلیل کے اخراجات کے طور پر دینے کو رضامند ہے۔ اس نے واقعی اخراجات کے لیے جو رقم دی وہ 7,600 روپے۔

(g) ویبھا کو تحلیل کے عمل کی دیکھ بھال کے لیے مقرر کیا گیا اور اس کے لیے 14,000 روپے کی رقم منظور کی گئی۔ وہ اپنی رقم کی ادائیگی کے طور پر 13,000 روپے کی کتابی قدر (Book Value) کی سرمایہ کاری کو قبول کرنے کے لیے رضامند ہے۔ سرمایہ کاریوں کو پہلے ہی وصولیابی کھاتہ میں منتقل کر دیا گیا ہے۔

### ویبھا، شوبھا اور انو بھا کی کتاب

| کریڈٹ رقم روپیے | ڈیبٹ رقم روپیے | L.F. | تفصیلات | تاریخ 2017 |
|---|---|---|---|---|
| | 6,500 | | وصولیابی کھاتہ Dr. | (a) |
| 6,500 | | | نقد / بینک کھاتہ سے | |
| | | | (فرم کے ذریعہ ادا شدہ تحلیل کے اخراجات) | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| (b) | وصولیابی کھاتہ Dr.<br>انو بھا کے سرمایہ کھاتے سے<br>(انو بھا کے ذریعہ ادا شدہ اخراجات تحلیل) | | 7,800 | 7,800 |
| (c) | وصولیابی کھاتہ Dr.<br>ویبھا کے سرمایہ کھاتہ سے<br>(منظور شدہ رقم دے دی گئی) | | 12,000 | 12,000 |
| (d) | وصولیابی کھاتہ Dr.<br>شوبھا کے سرمایہ کھاتہ سے<br>(تحلیل کے عمل کی دیکھ بھال کے لیے منظور شدہ رقم شوبھا کو دے دی گئی) | | 15,000 | 15,000 |
| (e) | (i) وصولیابی کھاتہ Dr.<br>انو بھا کے سرمایہ کھاتہ سے<br>(انو بھا کے لیے رقم منظور) | | 12,000 | 12,000 |
| | (ii) انو بھا کا سرمایہ کھاتہ Dr.<br>نقد / بینک کھاتہ سے<br>(فرم کے ذریعہ ادا کیا گیا اور انو بھا کے ذریعہ برداشت کیا گیا اموزیشن) | | 9,500 | 9,500 |
| (f) | (i) وصولیابی کھاتہ Dr.<br>انو بھا کے سرمایہ کھاتے سے<br>(انو بھا کے لیے قابل ادائیگی ایموزیشن) | | 8,500 | 8,500 |
| | (ii) وصولیابی کھاتہ Dr.<br>انو بھا کے سرمایہ کھاتہ سے<br>(فرم کی طرف سے انو بھا کے ذریعہ تحلیل کے اخراجات ادا شدہ) | | 1,600 | 1,600 |
| (g) | کوئی اندراج نہیں | | | |

© NCERT not to be republished

## مثال 4

نینااور عروشی مساوی تناسب سے نفع نقصان میں حصہ دارتھیں۔31مارچ 2020 کوان کی بیلنس شیٹ حسب ذیل تھی۔

### 31مارچ 2017 کونینااور عروشی کی بیلنس شیٹ

| ذمہ داریاں | | رقم(روپیے) | اثاثہ جات | رقم(روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| سرمایے: | | | بینک | 30,000 |
| نینا | 1,00,000 | | قرض دار | 25,000 |
| عروشی | 50,000 | 1,50,000 | اسٹاک | 35,000 |
| قرض خواہ | | 20,000 | فرنیچر | 40,000 |
| عروشی کا چالو کھاتہ | | 10,000 | مشینری | 60,000 |
| کاریگروں کا معاوضہ ریزرو کھاتہ | | 15,000 | نینا کا موجودہ کھاتہ | 10,000 |
| بینک اوور ڈرافٹ | | 5,000 | | |
| | | **2,00,000** | | **2,00,000** |

مندرجہ بالاتاریخ پرفرم تحلیل کردی گئی:

1۔ نینانے50% اسٹاک اس کی کتابی قدر سے 10% کم پر لےلیااور بقیہ اسٹاک15% فائدے پر فروخت کر دیا گیا۔فرنیچراور مشینری سے بالترتیب30,000 روپیے اور50,000 روپیے وصول ہوئے۔

2۔ غیر مندرج سرمایہ کاری (Investment) 34,000 روپیے پر فروخت کردی گئی۔

3۔ قرض داروں سے صرف 90% وصولی ہوئی۔گذشتہ سال خارج کیے گئے (Written off) ڈوبے قرضوں سے 1,200 روپیے وصول ہوئے۔

4۔ مرمت(Repair) کے لیے ایک واجب الادابل تھاجس کے لیے2,000 روپیے ادا کرنے پڑے۔

© NCERT not to be republished

ضروری روزنامچہ اندراجات درج کیجیے اور فرم کی کتابوں کو بند کرنے کے لیے لیجر کھاتے تیار کیجیے۔

**حل:**

## نینا اور عروشی کی کتابیں

## روزنامچہ (جرنل)

نام (Dr.) — جمع (Cr.)

| تاریخ 2017 | تفصیلات | | لیجر صفحہ | ڈیبٹ رقم (روپیے) | کریڈٹ رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|
| | وصولی کھاتہ | Dr. | | 1,60,000 | |
| | لیندار ان کھاتہ کے لیے | | | | 25,000 |
| | اسٹاک کھاتہ کے لیے | | | | 35,000 |
| | فرنیچر کھاتہ کے لیے | | | | 40,000 |
| | مشینری کھاتہ کے لیے | | | | 60,000 |
| | (اثاثہ جات وصولی کھاتہ پر منتقل کیے گئے) | | | | |
| | دیندار ان کھاتہ | Dr. | | 20,000 | |
| | بینک کا قرض کھاتہ | Dr. | | 5,000 | |
| | وصولی کھاتہ کے لیے | | | | 25,000 |
| | (ذمہ داریاں وصولی کھاتہ پر منتقل کی گئیں) | | | | |
| | وصولی کھاتہ | Dr. | | 27,000 | |
| | بینک کھاتہ کے لیے | | | | 27,000 |
| | (لین داروں، بینک اوورڈرافٹ، واجب الادا بل کی ادائیگی کی گئی) | | | | |
| | بینک کھاتہ | Dr. | | 1,57,825 | |
| | وصولی کھاتہ کے لیے | | | | 1,57,825 |
| | (اثاثہ جات فروخت ہوئے اور ڈوبے قرضہ جات سے وصولی ہوئی) | | | | |

© NCERT not to be republished

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | نینا کا چالو کھاتہ Dr. | | 15,750 | |
| | وصولی کھاتہ کے لیے | | | 15,750 |
| | (نینا نے آدھا اسٹاک 10% کم پر لیا) | | | |
| | وصولی کھاتہ Dr. | | 15,575 | |
| | نینا کے چالو کھاتہ کے لیے | | | 5,788 |
| | عروشی کے چالو کھاتہ کے لیے | | | 5,787 |
| | (وصولی پر ہوئے منافع کو ساجھے داروں کے چالو کھاتوں میں منتقل کیا گیا) | | | |
| | ورکمین ریزرو فنڈ Dr. | | 15,000 | |
| | نینا کے سرمایہ کھاتہ کے لیے | | | 7,500 |
| | عروشی کے سرمایہ کھاتہ کے لیے | | | 7,500 |
| | (معاوضہ فنڈ کو ساجھے داروں کے چالو کھاتوں میں منتقل کیا گیا) | | | |
| | عروشی کا چالو کھاتہ Dr. | | 23,287 | |
| | عروشی کے سرمایہ کھاتہ کے لیے | | | 23,287 |
| | (چالو کھاتہ کا بیلنس سرمایہ کھاتے میں منتقل کیا گیا) | | | |
| | نینا کا سرمایہ کھاتہ | | 12,462 | |
| | نینا کے چالو کھاتہ کے لیے | | | 12,462 |
| | (چالو کھاتہ کا بیلنس سرمایہ کھاتہ میں منتقل کیا گیا) | | | |
| | نینا کا سرمایہ کھاتہ Dr. | | 87,538 | |
| | عروشی کا سرمایہ کھاتہ Dr. | | 73,287 | |
| | بینک کھاتہ کے لیے | | | 1,60,825 |
| | (ساجھے داروں کو واجب الادا رقم کی ادائیگی کی گئی) | | | |

© NCERT not to be republished

## وصولی کھاتہ

نام(Dr.) | جمع(Cr.)

| تفصیلات | | رقم(روپیے) | تفصیلات | | رقم(روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|
| قرض دار | 25,000 | | قرض خواہ | | 20,000 |
| اسٹاک | 35,000 | | بینک اوورڈرافٹ | | |
| فرنیچر | 40,000 | | بینک: | | |
| مشینری | 60,000 | 1,60,000 | سرمایہ کاری | 34,000 | |
| بینک: | | | فرنیچر | 30,000 | |
| قرض خواہ | 20,000 | | مشینری | 50,000 | |
| بینک اوورڈرافٹ | 5,000 | | قرض دار (90%) | 22,500 | |
| آؤٹ اسٹینڈنگ بل | 2,000 | 27,000 | اسٹاک : | 20,125 | |
| نفع منتقل کیا گیا: | | | ڈوبے قرضے | 1,200 | 1,57,825 |
| نینا کا سرمایہ | 5,788 | | نینا کا سرمایہ | | |
| عروشی کا سرمایہ | 5,787 | 11,575 | (اسٹاک لے لیا گیا) | | 15,750 |
| | | **1,98,575** | | | **1,98,575** |

## ساجھے دار کے چالو کھاتے

| تاریخ 2017 | تفصیلات | لیجر صفحہ | نینا(روپیے) | عروشی(روپیے) | تاریخ 2017 | تفصیلات | لیجر صفحہ | نینا(روپیے) | عروشی(روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | بیلنس b/d | | 10,000 | | | بیلنس b/d | | | 10,000 |
| | ریلائزیشن | | 15,750 | | | کاریگروں کا معاوضہ ریزرو | | 7,500 | 7,500 |
| | عروشی کا سرمایہ | | | 23,287 | | ریلائزیشن (نفع) | | 5,788 | 5,787 |
| | | | | | | نینا کا سرمایہ | | 12,462 | — |
| | | | **25,750** | **23,287** | | | | **25,750** | **23,287** |

© NCERT not to be republished

## ساجھے دار کے سرمایہ کھاتے

نام(.Dr) جمع(.Cr)

| تاریخ 2017 | تفصیل | جرنل صفحہ | نیتا | عروشی | تاریخ 2017 | تفصیل | جرنل صفحہ | نیتا | عروشی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | نینا کا چالو کھاتہ | | 12,462 | | | بیلنس b/d | | 1,00,000 | 50,000 |
| | بینک | | 87,538 | 73,287 | | عروشی کا چالو کھاتہ | | | 23,287 |
| | | | **1,00,000** | **73,287** | | | | **1,00,000** | **73,287** |

## بینک کھاتہ

نام(.Dr) جمع(.Cr)

| تاریخ | تفصیل | جرنل صفحہ | رقم (روپیے) | تاریخ | تفصیل | جرنل صفحہ | رقم(روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | بیلنس b/d | | 30,000 | | وصولی | | 27,000 |
| | وصولی | | 1,57,825 | | نینا کا سرمایہ | | 87,538 |
| | | | | | عروشی کا سرمایہ | | 73,287 |
| | | | **1,87,825** | | | | **1,87,825** |

### اپنی فہم کی جانچ کیجیے——III

صحیح الفاظ منتخب کر کے خالی جگہیں بھریے۔

1۔ تمام اثاثے (کیش/بینک اور مصنوعی(Fiction)اثاثوں کو چھوڑ کر......(وصولی کھاتہ/سرمایہ کھاتہ) کی......(کریڈٹ/ڈیبٹ) جانب (مساوی تناسب/تقسیم منافع کے تناسب) میں منتقل کیے جاتے ہیں۔

2۔ تمام......(داخلی/خارجی) ذمہ داریاں......بینک/وصولی) کھاتے کی......(کریڈٹ/ڈیبٹ) جانب مشکل کی جاتی ہیں۔

3۔ جمع شدہ (Accumulated) نقصانات ......(مساوی تناسب/تقسیم منافع کے تناسب) میں......(وصولی/سرمایہ کھاتوں) میں منتقل کیے جاتے ہیں۔

© NCERT not to be republished

4۔ اگر ساجھے دار کسی ذمہ داری کو قبول کر لیتا ہے تو ایسے ساجھے دار کا سرمایہ کھاتہ......(ڈیبٹ/کریڈٹ) کر دیا جاتا ہے۔
5۔ اگر کوئی ساجھے دار کسی اثاثے کو لے لیتا ہے تو ایسے ساجھے دار کا سرمایہ کھاتہ......(کریڈٹ/ڈیبٹ) کر دیا جاتا ہے۔
6۔ جب ایک......(ساجھے دار/قرض خواہ) ایک قائم اثاثے کو اپنے واجبات کے عوض قبول کر لیتا ہے تو کسی اندراج کی ضرورت نہیں ہوتی۔
7۔ جب کوئی قرض خواہ ایسا اثاثہ قبول کر لیتا ہے جس کی قدر اس رقم سے کہیں زیادہ ہے جو اس کے لیے واجب الادا ہے تو وہ اس زائد رقم کو......(ادا کرے گا/ادا نہیں کرے گا)
8۔ جب کوئی فرم کسی ساجھے دار کو وصول کے کام کی ایک مقررہ رقم ادا کرنے پر راضی ہو جاتی ہے چاہے خرچ کردہ حقیقی رقم کچھ بھی ہو تو ایسی مقررہ رقم......(وصولی/سرمایہ) کھاتے میں ڈیبٹ کر دی جاتی ہے اور......(سرمایہ/بینک) کھاتے میں کریڈٹ کر دی جاتی ہے۔
9۔ ساجھے دار کے لون کا وصولی کھاتے میں......منتقل کیا جاتا ہے/نہیں کیا جاتا) ہے۔
10۔ ساجھے دار کے چالو کھاتے ساجھے دار کے......(لون/سرمایہ) کھاتوں میں منتقل کر دیے جاتے ہیں۔

## مثال 5

31 مارچ 2017 کو اشونی اور بھارت کی بیلنس شیٹ حسب ذیل ہے:

**31 مارچ 2017 کو اشونی اور بھارت کی بیلنس شیٹ**

| ذمہ داریاں | | رقم (روپیے) | اثاثے | | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|
| قرض خواہ | | 76,000 | کیش بینک میں | | 17,000 |
| مسز اشونی کا لون | | 10,000 | اسٹاک | | 10,000 |
| مسز بھارت کا لون | | 20,000 | سرمایہ کاری | | 20,000 |
| سرمایہ کاری اتار چڑھاؤ ریزرو | | 2,000 | قرض دار | 40,000 | |
| جنرل ریزرو | | 20,000 | نفی: مشکوک قرضہ جات کے لیے محفوظ | 4,000 | 36,000 |
| سرمائے: | | | عمارتیں | | 70,000 |
| اشونی | 20,000 | | ساکھ | | 15,000 |
| بھارت | 20,000 | 40,000 | | | |
| | | **1,68,000** | | | **1,68,000** |

© NCERT not to be republished

مندرجہ بالا تاریخ پر فرم تحلیل کر دی گئی۔ حسب ذیل طے شدہ لین دین رونما ہوئے:

(i) اشونی نے مسز اشونی کے قرض کی ادائیگی کا وعدہ کیا اور 8,000 روپے میں اسٹاک لے لیا۔

(ii) بھارت نے آدھی سرمایہ کاری (Investment) 10% کم پر لی۔ قرض داروں سے 38,000 روپیے وصول ہوئے۔ قرض خواہوں (لین داروں) کو 380 روپیے کم ادا کیے گئے۔ بلڈنگ سے 1,30,000 روپیے وصول ہوئے۔ ساکھ کو 12,000 روپیے میں اور بقیہ سرمایہ کاری کو 9,000 روپیے میں فروخت کیا گیا۔ ایک پرانا ٹائپ رائٹر جو کہ کتابوں میں درج نہیں تھا اسے بھارت نے 600 روپیے میں لے لیا۔ 2,000 روپیے کے وصولی اخراجات ہوئے۔

وصولی کھاتہ، ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتے اور بینک کھاتہ تیار کیجیے۔

## حل:

### اشونی اور بھارت کی کتابیں

### وصولی کھاتہ

نام (Dr.) جمع (Cr.)

| تفصیلات | رقم (روپیے) | | تفصیلات | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| سرمایہ کاری 20,000 | | | مشکوک قرضوں کا محفوظ | 4,000 |
| قرض دار 40,000 | | | قرض خواہ | 76,000 |
| عمارات 70,000 | | | مسز اشونی کا لون | 10,000 |
| اسٹاک 10,000 | | | مسز بھارت کا لون | 20,000 |
| ساکھ 15,000 | 1,55,000 | | سرمایہ کاری اتار چڑھاؤ ریزرو | 2,000 |
| اشونی کا سرمایہ (مسز اشونی کا لون) | 10,000 | | اشونی کا سرمایہ (اسٹاک) | 8,000 |
| | | | بھارت کا سرمایہ (ٹائپ رائٹر) | 600 |
| بینک (مسز بھارت کا لون) | 20,000 | | بھارت کا سرمایہ (سرمایہ کاری) | 9,000 |
| بینک (قرض خواہ) | 75,620 | | | |
| بینک (ریلائزیشن اخراجات) | 2,000 | | بینک: | |
| | | | سرمایہ کاری 9,000 | |
| منافع منتقل کیا گیا: | | | قرض دار 38,000 | |
| اشونی کا سرمایہ 27,990 | | | عمارات 1,30,000 | |
| بھارت کا سرمایہ 27,990 | 55,980 | | ساکھ 12,000 | 1,89,000 |
| | **3,18,600** | | | **3,18,600** |

© NCERT
not to be republished

## ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتے

نام(.Dr) | جمع(.Cr)

| تاریخ 2017 | تفصیلات | لیجر | اشونی (روپیے) | بھارت (روپیے) | تاریخ 2017 | تفصیلات | لیجر | اشونی (روپیے) | بھارت (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | وصولی (اسٹاک) | | 8,000 | - | | بیلنس b/d | | 20,000 | 20,000 |
| | وصولی (ٹائپ رائٹر کی فروخت) | | - | 600 | | جنرل ریزرو | | 10,000 | 10,000 |
| | وصولی (سرمایہ کاری) | | - | 9,000 | | وصولی (مسز اشونی کا لون) | | 10,000 | - |
| | بینک | | 59,990 | 48,390 | | وصولی (منافع) | | 27,990 | 27,990 |
| | | | **67,990** | **57,990** | | | | **67,990** | **57,990** |

## بینک کھاتہ

| تاریخ 2017 | تفصیلات | لیجر فولیو | رقم (روپیے) | تاریخ 2017 | تفصیلات | لیجر | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | بیلنس b/d | | 17,000 | | ریلائزیشن قرض خواہ | | 75,620 |
| | ریلائزیشن | | 1,89,000 | | ریلائزیشن (اخراجات) | | 2,000 |
| | | | | | ریلائزیشن (مسز بھارت کا لون) | | 20,000 |
| | | | | | اشونی کا سرمایہ | | 59,990 |
| | | | | | بھارت کا سرمایہ | | 48.390 |
| | | | **2,06,000** | | | | **2,06,000** |

### اسے خود کیجیے

ساجھے داری فرم کے خاتمہ کی صورت میں، حسب ذیل کے لیے روزنامچہ اندراجات درج کیجیے ۔

1- اثاثہ کھاتوں کو بند کرنے کے لیے

2- ذمہ داری کھاتوں کو بند کرنے کے لیے

© NCERT not to be republished

3- اثاثوں کی فروخت کے لیے
4- اثاثوں کو ایک قرض خواہ کی طرف منتقل کر کے اس کام کا نبٹارا کرنے کے لیے
5- اگر فرم کی جانب سے حقیقی اخراجات ساجھے دار کے ذریعہ ادا کیے گئے ہوں تو ایسی صورت میں اخراجات کی وصولی کے لیے
6- ساجھے دار کے ذریعہ فرم کی ذمہ داری کی ادائیگی پر
7- ساجھے دار کے قرض کی ادائیگی کے لیے
8- سرمایہ کھاتوں کے نبٹارے کے لیے

## مثال 6

سونیا، روہت اور اُدت 5:3:2 کے تناسب سے نفع نقصان میں حصہ دار ہیں۔ 31 مارچ 2017 کو ان کی بیلنس شیٹ حسب ذیل تھی:

**31 مارچ 2017 کو سونیا، روہت اور اُدت کی بیلنس شیٹ**

| ذمہ داریاں | | رقم (روپیے) | اثاثہ جات | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|
| قرض خواہ | | 30,000 | عمارتیں | 2,00,000 |
| قابل ادا بل | | 30,000 | مشینری | 40,000 |
| بینک قرض | | 1,20,000 | اسٹاک | 1,60,000 |
| سونیا کے شوہر کا قرض | | 1,30,000 | قابل وصول بل | 1,20,000 |
| جنرل ریزرو | | 80,000 | فرنیچر | 80,000 |
| سرمایے: | | | نقد بینک میں | 60,000 |
| سونیا | 70,000 | | | |
| روہیت | 90,000 | | | |
| ادت | 1,10,000 | 2,70,000 | | |
| | | **6,60,000** | | **6,60,000** |

مندرجہ بالا تاریخ پر فرم کا خاتمہ ہو گیا۔ درج ذیل معلومات کے ساتھ فرم کی کتابوں کو بند کیجیے۔

1- بلڈنگ سے 1,90,000 روپیے وصول ہوئے، قابلِ وصول بلوں سے 1,10,000 روپیے وصول ہوئے۔ اسٹاک سے

1,50,000 روپیے وصول ہوئے۔ مشینری سے 48,000 روپیے اور فرنیچر سے 75,000 روپیے وصول ہوئے۔

-2 1,30,000 روپیے میں بینک کے قرض کا نبٹارا کیا گیا۔ لین داروں اور قابلِ ادا بلوں کی 10% کٹوتی پر ادائیگی کی گئی۔

-3 روہت نے 10,000 روپیے کے وصولی اخراجات (Realisation Expenses) کی ادائیگی کی جس کے لیے اسے 12,000 روپیے کا معاوضہ دیا گیا۔

ضروری لیجر کھاتوں کو تیار کیجیے۔

**حل:**

## سونیا، روہت اور اُدت کی کتابیں

### وصولی کھاتہ

نام (Dr.) | جمع (Cr.)

| تفصیلات | | رقم (روپیے) | تفصیلات | | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|
| عمارات | 2,00,000 | | قرض خواہ | | 30,000 |
| مشینری | 40,000 | | واجب الادا بل | | 30,000 |
| اسٹاک | 1,60,000 | | بینک لون | | 1,20,000 |
| قابل وصول بل | 1,20,000 | | سونیا کے شوہر کا لون | | 1,30,000 |
| فرنیچر | 80,000 | 6,00,000 | بینک: | | |
| بینک (بینک لون) | | 1,30,000 | عمارات | 1,90,000 | |
| بینک (قرض خواہ اور واجب الادا بل) | | 54,000 | قابل وصول بل | 1,10,000 | |
| بینک (سونیا کے شوہر کا لون) | | 1,30,000 | اسٹاک | 1,50,000 | |
| روہت کا سرمایہ (وصولی اخراجات) | | 12,000 | مشینری | 48,000 | |
| | | | فرنیچر | 75,000 | 5,73,000 |
| | | | خسارہ سرمایہ کھاتوں میں منتقل کیا گیا: | | |
| | | | سونیا | 21,500 | |
| | | | روہت | 12,900 | |
| | | | اُدت | 8,600 | 43,000 |
| | | **9,26,000** | | | **9,26,000** |

© NCERT not to be republished

## ساجھے داروں کے سرمایہ کھاتے

نام (Dr.) جمع (Cr.)

| تاریخ 2017 | تفصیلات | لیجر | سونیا (روپیے) | روہت (روپیے) | اُدت (روپیے) | تاریخ 2017 | تفصیلات | لیجر | سونیا (روپیے) | روہت (روپیے) | ادت (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | ریلائزیشن (خسارہ) | | 21,500 | 12,900 | 8,600 | | بیلنس b/d | | 70,000 | 90,000 | 1,10,000 |
| | بینک | | 88,500 | 1,13,100 | 1,17,400 | | ریلائزیشن (اخراجات) | | - | 12,000 | - |
| | | | | | | | جنرل ریزرو | | 40,000 | 24,000 | 16,000 |
| | | | **1,10,000** | **1,26,000** | **1,26,000** | | | | **1,10,000** | **1,26,000** | **1,26,000** |

## بینک کھاتہ

| تاریخ 2017 | تفصیلات | لیجر | رقم (روپیے) | تاریخ 2017 | تفصیلات | لیبر | رقم (روپیے) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | بیلنس b/d | | 60,000 | | ریلائزیشن (بینک لون) | | 1,30,000 |
